© rasailojaraid.com

**درود شریف** مرتب، ناشر اور قیمت نامعلوم۔ درود شریف کے متعلق ایسی کئی روایات بیان کی گئی ہیں جن کا کوئی حتمی حوالہ نہیں، اور ایسی برکات بتائی گئی ہیں جن کے لیے کوئی سند نہیں سب سے علمی کا یہ عالم کہ آیت ان اللہ وملٰئکتہ ...... (احزاب) کے ترجمہ میں لکھا ہے کہ اللہ بھی درود پڑھتا ہے (حالانکہ مراد رحمت بھیجنا ہے)۔

---

**رسول اللہ کی ایک پیشین گوئی** از محمد ذکی الدین شرفی۔ ناشر: دارالکتاب۔ آر-۳۹، بلاک ۱۳ ڈی ۱ گلشن اقبال، کراچی۔ قیمت: -/۴ روپے۔

عیسیٰ علیہ السلام کی دوبارہ تشریف آوری پر بحث اور اس کے تحت فتنہ دجال کی تعبیر، دو سپرپاورز کی کشمکش اور جوہری جنگ کی تیاری سے استدلال کرتے ہیں۔

---

**اتحادی سیاست یا نظریاتی سیاست** از محمد نواز۔ ۳۲ اے سٹیلائٹ ٹاؤن رحیم یار خان۔ ملنے کا پتہ، تفہیم القرآن۔ بالو مارکیٹ۔ رحیم یار خان۔

**اتحاد ملت** از شیخ الحدیث مولانا محمد چراغ صاحب۔ ناشر: جمعیت اتحاد العلما پنجاب۔ رابطہ کے لیے پتہ: غلام رسول راشدی۔ جھگڑی شاہ رحمٰن۔ ضلع گوجرانوالہ۔

**روئیداد (تعلیم القرآن۔ خط وکتابت اسکول)** پتہ: پوسٹ بکس ۱۷۱۲، محمد نگر، لاہور ۵۔ اسکول کے پروگرام۔ اب تک کے کام اور نتائج کی روئیداد۔

**اسلام کا نظریہ جہاد** از لیفٹیننٹ کرنل محمد ایوب خاں (ریٹائرڈ)، فوجی پروگرام میں جہاد کے متعلق نشر کردہ تقریروں کا مجموعہ۔ قیمت -/۱ روپیہ۔ ملنے کا پتہ: ادارہ اشاعت القرآن ۷ بلال پارک چوبرجی لاہور۔

**ماہنامہ کارواں** مدیر، محمد خالد۔ پتہ: KELTH ST.: 36/328, 1000 BERLIN 30

جرمنی سے شائع ہونے والا تحریک اسلامی کا جریدہ۔ چندہ نامعلوم۔

**ماہنامہ رضوان** زیر سرپرستی ابو البرکات سید احمد صاحب۔ پتہ، دارالعلوم حزب الاحناف لاہور چندہ سالانہ -/۱۵ روپے۔

© rasailojaraid.com